پریس ریلیز

نیسلے پاکستان کا بلوچستان زلزلے کے پسماندگان کے لیے امدادی سامان کا عطیہ؛ آفات سے آگاہی کا قومی دن منایا گیا

Nestlé
Good Food, Good Life

لاہور، 9 اکتوبر 2013ء : نیسلے پاکستان بلوچستان کے ضلع آوران میں آنے والے حالیہ زلزلے کے پسماندگان کی امداد کے لئے پُرعزم ہے۔ادارہ تاحال 75 ٹن پانی اور 15 ٹن دودھ عطیہ کر چکا ہے۔

متاثرین کی امداد کے جذبے سے نیسلے پاکستان کے ملازمین نے آوران زلزلے کے لئے عطیات دیئے ہیں۔ادارہ ملازمین کی طرف سے امدادی رقم کے برابر رقم دے گا۔

بلوچستان کے وزیرِ اعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کے ساتھ حالیہ ملاقات میں نیسلے پاکستان کے کارپوریٹ معاملات کے سربراہ وقار احمد نے اُن کو ادارے کے منیجنگ ڈائریکٹر مگدی بٹاٹو اور ملازمین کی جانب سے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔

جناب بٹاٹو نے کہا کہ بلوچستان میں آنے والے زلزلے پر اُنہیں شدید افسوس ہے جس نے جان و مال کو سنگین نقصان سے دوچار کیا ہے۔انہوں نے متاثرین کے ساتھ گہری تعزیت کا اظہار کیا اور اس آفت سے نمٹنے میں نیسلے کی معاونت کی ضمانت دی۔نیسلے کے منیجنگ ڈائریکٹر نے کہا کہ ادارہ متاثرین کی امداد کے لئے تاحال 3 مِلیَن روپے تک کے عطیات فراہم کر چکا ہے۔

انہوں نے کہا کہ قدرتی آفات کے متاثرین کو انسانی ہمدردی کی بنیادوں پر اشیائے خورد و نوش اور امدادی سامان فراہم کرنے میں نیسلے پاکستان ہمیشہ متحرک رہی ہے۔

نیسلے پاکستان نے ماضی میں قدرتی آفات کے متاثرین کی امداد کے لئے نیشنل ڈِزآسٹر منیجمنٹ ایجنسی (NDMA) کو بھی تعاون فراہم کیا ہے۔نیسلے پاکستان نے 8 اکتوبر کو آفات سے آگاہی کے قومی دن کے موقع پر NDMA کو مبارکباد بھی پیش کی۔

نیسلے کی مشترکہ اقدار (CSV) کی پالیسی ادارے کے اس نصب العین کی عکاسی کرتی ہے کہ جن طبقات میں ادارہ کام کرتا ہے اُن کا معیارِ زندگی بہتر بنایا جائے۔ایک ادارے کی حیثیت سے ہم اس بات کے قائل ہیں کہ طویل مدّت پر محیط کامیابی کے حصول کے لئے ہمیں اپنے شیئر ہولڈرز کے ساتھ ساتھ معاشرے کے لیے بھی اقدار کا خیال رکھنا ہے۔نیسلے میں ہم نے اپنی ویلیو chain کا تجزیہ کر کے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ معاشرے کے ساتھ مشترکہ طور پر اقدار کو اعلیٰ ترین سطح تک لے جانے کے لئے بہترین استعداد کے شعبے غذا، پانی اور دیہی ترقی ہیں۔ یہ سرگرمیاں ہمارے کاروبار کی اساس ہیں اور پاکستان کے عوام کی فلاح کے لئے اہم ہیں۔

نیسلے پاکستان کے بارے میں

نیسلے پاکستان NHW (نیوٹرشن ہیلتھ اینڈ ویلنس) یعنی غذائیت، صحت اور فلاح کے شعبے میں دنیا بھر میں صفِ اوّل کا ادارہ ہے جو اپنی مصنوعات کی تیاری میں تمام بین الاقوامی معیار پر پورا اُترتا اور ان سے آگے بڑھتا ہے۔نیسلے پاکستان جن آبادیوں میں کام کرتا ہے وہاں تعلیم، غذائیت، پانی اور دیہی ترقی پر توجہ مرکوز کر کے مشترکہ اقدار پیدا کرنے پر یقین رکھتا ہے۔علاوہ ازیں، نیسلے پاکستان دودھ حاصل کرنے کے لیے 190,000 سے زائد کسانوں کے ساتھ مربوط ہے اور سماجی ترقی کے لیے دیہی ترقی کے متعدد منصوبوں میں سرگرمِ عمل ہے۔

مزید معلومات کے لئے رابطہ کیجئے:

عاتکہ میر خان، کارپوریٹ میڈیا ریلیشنز منیجر، نیسلے پاکستان
فون: 042-35988119
ای میل: aatekahahmad.mirkhan@PK.nestle.com